کتابخانه جامع
جامعة العلوم
معاونت پژوهش
مرکز جهانی علوم اسلامی
1743

مرکز جهانی علوم اسلامی

مدرسهٔ عالی فقه و معارف اسلامی

پایان نامهٔ کارشناسی ارشد

رشتهٔ فقه و معارف اسلامی

عنوان :

ترجمه کتاب " نقش ائمه (ع) در احیاء دین " بزبان اردو

مؤلف: علّامه سیّد مرتضیٰ عسکری دام ظله

استاد راهنما :

حجة الاسلام والمسلمین آقای کلب صادق اسدی

استاد مشاور:

حجة الاسلام والمسلمین آقای کمیل اصغرزیدی

دانش پژوه :

قدیرعباس حیدری

سال ۱۳۸٤

کتابخانه جامع مرکز جهانی علوم اسلامی
شماره ثبت: ۱۹۶
تاریخ ثبت:

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ مرتضیٰ عسکری کے قلم سے

دین کی حیات میں ائمہ کا کردار

مترجم:

قدیر عباس حیدری

بسم الله الرحمن الرحيم

انتساب

اپنی اس مختصر کوشش کو شہدائے احد سلام اللہ علیہم

کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں، کہ

جن کے پاکیزہ خون کی وجہ سے اسلام کے نونہال پودے کی آبیاری ہوئی۔ بعدہ

اس تحریر کا ثواب استاذ العلما ئحضرت علامہ سید گلاب علی شاہ نقوی البخاری اعلی اللہ مقامہ کی

روح کو ہدیہ کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں کہ جنہوں نے دین مبین رسول خدا حضرت محمد مصطفی صلی

اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے لوث خدمت کی ہے اور آخر وقت تک اسی دین مبین کی خدمت کرتے

ہوئے داعی اجل کو لبیک کہا۔ خدایا ہماری اس مختصر سعی کو قبول فرما اور اس تحریر

کو امام زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کی خوشنودی کا سبب

قرار دے۔ آمین

احقر الکونین

قدیر عباس حیدری

تشکر و قدردانی

قبل از همه سپاس خدایی را که خلقت انسان را نیکو کرد واورا بارنگ و فطرت ایمان آفریدو به او معارف وبیا آموخت ونعمت احسان وتفضلش را براو ارزانی داشت واورا به کسب فضائل ارشاد کردواز ارتکاب رذائل برحذر داشت،سپس از مدیریت مدرسة علوم فقه ومعارف إسلامیة وتمام دست اندرکاران این مدرسه تشکرو قدردانی می نمایم که برای تحصیل علم اخلاق وترویج آن به ما کمک می نمایند بالخصوص استاد راهنما حجة الاسلام والمسلمین **آقای کلب صادق اسدی** واستادمشاور حجة الاسلام سید **کمیل اصغر زیدی** حقیقت این است که زحمات این بزرگوار موجب شده که بنده این چند سطر را توانستم .که بنویسم .

از باری تعالی خواستارم که همه اساتید مارا ازتوفیق روز افزون عنایت فرماید.

چکیده مطالب

موضوع : نقش ائمہ در احیاء دین

نویسنده : حجة الاسلام والمسلمین علامه مرتضیٰ عسکری

مترجم : قدیرعباس حیدری بهاول پور(پنجاب)پاکستان

درمذهب خلفاء روایتی ذکر شده است که خداوند متعال دارایرخسار،پا،ساق، دست وانگشتان می باشد و روی عرش زندگی می کند وجثۂ او از اندازه کرسی بزرگ تراست !و آن کرسی روی پشت بزهای کوهی قرار گرفته است وآن بزها روی دریای آسمان هفتم هستند ومیان آسمان اوّل تا زمین هفتاد ویک ،هفتاد ودو وهفتاد وسه سال فاصله است و بین هر آسمان همین مقدار فاصله است وبین دریا وسمهای بزها به همین مقدار فاصله است وآن کرسی به علت سنگینی وجود خدا صدای غژغژ می دهد! واین هم ذکر شده است که گاهی خداوند متعال بر آسمان اول نازل می شود و مخلوق خود را دعوت می کند تا حاجت ایشان بطلبد !

وروز محشرندا داده می شود هر کس که می خواهد دنبال معبود خودش برود می توا ند برود در آن هنگام افرادی که غیر خداوند یکتا را می پرستیدند دنبال معبود های خود به جهنم می روند که این امت نیزدر میدان محشر در انتظار می ماند .

آن هنگام خداوند متعال در قیافه ای می آید که آنها قبلاً نمی شناختند خدا به آنها می گوید که دنبالم بیائید و این امت نمی پذیرد، ومی گوید ، ما همین جا می مانیم تاوقتیکه معبود ما نمی بیآید خداوند متعال می پرسد آیا میان شما وخدای شما نشانه ای است که او را بشناسید !؟ آنها جواب می دهند آری ! ساق پا !

در آن هنگام ،خداوند متعال ساق پا ی خودش را نشان می دهد .آن مردم وقتی این نشان را دیده و پروردگار خود ایشان را می شنا سند ومی گویند: تو پر و ردگار ما هستی سپس پر و ردگار د رمقابل آنها حرکت کرده و ا مت به د نبال ا و د ر بهشت داخل می شود .

در بهشت ا وقات مخصوصی را، پرو ردگا ر پیش آنها می آید با تک تک آنان می نشیند وصحبت خواهدکرد.

در مذهب خلفاء از این موارد بسیار روایات نقل شده است ،که این دسته روایاتها را ((روایات توحید!وایمان))می نامند.

((ابن خزیمه))د ر این مکتب مقام والا ئی د ا رد، او این روایات را در کتاب مخصوصی جمع کرد ه وآن را ((کتاب ا لتوحید)) می نامد .

((بخاری)) هم در کتاب خودش ((صحیح))همین روایات را درفصل مخصوص جمع کرده وآن فصل را((کتاب التوحید))می نامد!

مسلم هم همین کار را ا نجام د اد ه وآن فصل را ((کتاب الایمان)) نامید.

این روایات قبل ا زنقل این اشخاص توسط ((ابوهریره)) وا ستاد ا و ((کعب الاحبار یهودی)) نقل شده است وما این روایات را ((اسرائیلیات)) می نامیم چو ن قبل ا ز د وره اسلام د رکتاب تو رات به نام صفات پروردگار ذکر شد ه ا ست .

به سبب همین روایات در مذهب خلفاء عقیده ((مجسم)) پید اشد ه ا ست و به سبب همین نظر یه مذهب خلفاء بیشتر آیات قرّآنی واحاد یث پیامبر(ص) ((وجه الله))و ((یدالله)) ومثل آن را غلط تا ویل کرد ه ا ند واین کلمات که د ر معنای مجازی استعمال شده است را استعمال معنا ی حقیقی دانسته ا ند، ومنظورا زا ین کلمات را اعضا ی بدن د ا نسته ا ند وبه همین علت عقیده دارند که خداوندمتعال مثل انسانها دارای اعضاء و جوارح می باشد.

در مقابل ا ین نظر یه مذ هب ا وصیاء پیا مبر(ص) است که از وصی ا ول تا وصی هشتم

تلاش ومجاهدت بسیار کرده اند تا مردم را از انحراف دور کرده و راه درست را نشان دهند مثلاً. آن حدیثی را که آنها از پیامبر(ص) نقل کرده بودند که:((خداوند متعال روی آسمان اول نازل می شود، مردم را ندا می دهد)) اوصیاء پیامبر(ص) فرمودند: که این حدیث تحریف شده است،صحیح آن این می باشد، که پیامبر(ص) فرمود:

((خداوند متعال ملکی را روی آسمان اول می فرستد تا به مردم این صورت خطاب کند)) و به همین منوال اوصیاء روش غلط استفاده از احادیث دیگر را هم ثابت کرده اند وآیات قرآنی را طبق قواعد عربی تشریح فرمودند با همین مجاهدت وکوششهار وایات غلط را تصحیح کردند وتفاسیرقرآن که طبق این ظاهر بینی غلط تفسیرشده بود را طبق قواعد عربی میان مردم رائج شد.

ثمره این تلاش وکوششها باعث شد که معتقدان و پیروان مذهب اهل بیت(ع) پیدا شدند علماء مذهب اهل بیت(ع) موارد تصحیح شده تفسیرآیات وروایات را در کتاب های خودشان مرقوم کردند مثلاً شیخ صدوق در کتاب التوحید ومجلسی علیه الرحمه دربحارالانوار مرقوم کرده اند .

بناء بر این از ذکر مطالب گذشته روشن شد که اوصیاء پیامبر(ص) عقائد توحیدی را به اینصورت احیاء نمودند وما به فضل وکرم خداوند متعال توحید پروردگاررا ازآنها آموختیم.

وغیر از اینها اوصیاء پیامبر(ص) به ما قوانین دیگری آموختند که درجای خود برای شناخت ومعرفت صفات خداوند کریم یک معیار می باشد ونیزقوانین دیگر که برای شناخت حقائق قرآن کریم ومعانی صحیح آن وبرای فهمیدن احادیث پیامبر(ص) راهنمائی خوبی می باشد.

از این همه تعلیمات میان مسلمانان ومذاهب شکل گرفته یک مذهب پیدا شد که صفات باری تعالیٰ وشناخت مقام انبیاء واوصیاء وبرای فهمیدن آیات قرآن واحادیث پیامبر(ص)یک نظریه روشن داده است ،که آن مذهب ((مذهب اهل بیت(ع)) می

باشد ومخالفین ا ین نظریه را ((مذ هب خلفاء)) وپیروا ن آن را ((پیروا ن مذ هب خلفاء))

می نامیم .

فہرست مطالب

پیش لفظ..........۰۷

پہلا مقدمہ: مسلمانوں کی ثقافت پر اہل کتاب کے افکار کا اثر..........۰۹

اوّل۔ مسلمانوں کے درمیان اہل کتاب کی ثقافت کا رائج ہونا خود اہل کتاب کے ذریعہ...۰۹

حدیث کی تحقیق..........۱۲

حدیث ((ثوران عقیران)) کی تحقیق..........۱۴

دوم۔ مسلمانوں کے درمیان اہل کتاب کی ثقافت کا رائج ہونا بعض مسلمانوں کے ذریعہ..۱۶

پہلا نمونہ۔ پیغمبر (ص) کے صحابیوں میں ابو ہریرہ..........۱۶

ابو ہریرہ کا یہ اعتراف کہ کچھ روایات پیغمبر (ص) سے سنے بغیر نقل کیں ہیں..........۱۹

دوسرا نمونہ: یہودی روایات کو رائج کرنے والے عبد اللہ بن عمرو عاص..........۲۰

تیسرا نمونہ: مقاتل بن سلیمان بلخی..........۲۱

خلفاء کی تائید کے بارے میں مقاتل کی جعلی روایتوں کا ایک نمونہ اور اس کی تحقیق..........۲۵

حدیث کی تحقیق..........۲۶

توریت سے دو واقعے..........۲۶

اوّل:۔ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ..........۲۶

دوم:۔ توریت میں خداوند عالم اور یعقوبؑ کی کشتی کی داستان کا خلاصہ..........۲۸

۱۔ یہودی..........۲۹

۲۔ عیسائی..........۳۰

۳۔ مسلمان..........۳۰

دوسرا مقدمہ: کلام میں جو الفاظ لائے گئے ہیں انکی پہچان..........۳۱

حقیقت اور مجاز..................۳۱

گفتگو کا خلاصہ..................۳۳

توحید کے متعلق دو کتابوں کا موازنہ..................۳۳

ابن خزیمہ، مکتب خلفاء کی نظر میں..................۳۳

شیخ صدوقؒ، مکتب اہل بیت(ع) کی نظر میں..................۳۴

پہلی بحث: خدا کی شکل وصورت دونوں مکاتب فکر کی نظر میں..................۳۶

الف: خدا کی شکل و صورت مکتب خلفاء کی نظر میں..................۳۷

ب: حقیقت کا واضح ہونا اہل بیت(ع) کی نظر میں..................۳۸

ج:۔ ان احادیث کا موازنہ اور انکی تحقیق..................۳۹

یکم : حدیث کا پہلا حصہ غائب ہے..................۳۹

دوّم : ابو ہریرہ کی حدیث میں دو اضافے..................۴۱

دوسری بحث: ((وجہ اللّٰہ)): دونوں مکاتب فکر کی نظر میں..................۴۲

الف۔ وجہ اللہ: مکتب خلفاء کی نظر میں..................۴۳

ب۔ وجہ اللہ: اہل بیتؑ کی نظر میں..................۴۴

پہلا قانون: خداوند متعال کی صفات کو جاننے کیلئے..................۴۶

دوسرا قانون: قرآن کے جملوں کو سمجھنے کیلئے..................۴۷

پیغمبر(ص) کے وصیّوں کی روایات میں اللہ کے رخسار کی نفی ہے..................۴۷

ج۔ تحقیق..................۴۸

بحث کا نتیجہ..................۵۰

تیسری بحث: ((عین اللّٰہ)) دونوں مکاتب فکر کی نظر میں..................۵۳

الف۔ ((عین اللّٰہ)) مکتب خلفاء کی نظر میں..................۵۴

ب۔((عین اللّٰہ)) مکتب اہلبیت (ع) کی نظر میں..................۵۷

ج۔((عین اللّٰہ)) کے بارے میں مکتب خلفاء کے اقوال اور احادیث کا جائزہ..................۵۷

ا۔ ((عبداللہ بن عمر بن خطاب)) کی روایت ((دجّال)) کے بارے میں..................۶۱

۲۔ ابوہریرہ کی روایت ۶۲

چوتھی بحث: دونوں مکاتب فکر کی نظر میں ۶۳

الف ((یداللہ)) کے بارے میں آیات کی تأویل مکتب خلفاء کی روایات کی نظر میں اور اس کے متعلق روایات ۶۴

اللہ تعالی کی انگلیاں مکتب خلفاء کی نظر میں ۶۴

ب۔ اہل بیت (ع) کا جواب ۶۷

پہلی حدیث ۶۷

دوسری حدیث ۶۸

تیسری حدیث: قرآن میں ((قبضتہ)) کے معنی سے معلق ۶۸

ج۔ ((یداللہ)) کے بارے میں موجود آیات کی تاویل اور روایات کا جائزہ ۶۹

پانچویں بحث: اللہ کی پنڈلی اور پاؤں دونوں مکاتب فکر کی نظر میں ۷۲

الف۔ اللہ کا پاؤں اور پنڈلی مکتب خلفا کی نظر میں ۷۳

پہلا حصہ: اللہ کا پاؤں مکتب خلفا کی روایتوں کی روشنی میں ۷۳

دوسرا حصہ: اللہ کی پنڈلی مکتب خلفا کی روایتوں کی روشنی میں ۷۴

ب۔ ((لا یکشف عن ساقٍ)) کی تفسیر اہل بیت (ع) کی حدیثوں کی روشنی میں ۷۵

ج۔ کشف ساق کی حدیث کا جائزہ ۷۸

چھٹی بحث: عرش اور کرسی دونوں مکاتب فکر کی نظر میں ۸۱

الف: عرش اور کرسی مکتب خلفاء کی نظر میں ۸۳

۱۔ اللہ کا عرش، کائنات کے پیدا ہونے سے پہلے موجود تھا ۸۳

۲۔ اللہ کا عرش پہاڑی دنبوں کی پشت پر! ۸۴

۳۔ عرش اور کرسی کا اللہ کا بوجھ نہ اٹھا پانا یا ((حدیثِ أطیط)) ۸۵

((حدیث أطیط)) یہودی ((کعب الأحبار)) کی روایت کی نظر میں ۸۶

۴۔ کرسی اور کرسی کے اٹھانے والوں کے بارے میں ایک روایت ۸۷

ب: کرسی اور عرش: مکتب اہلبیت (ع) کی نظر میں ۸۹

۱۔کرسی کے معنیٰ کے بارے میں چند روایتیں.................................۸۹

۲۔ عرش کے بارے میں دو روایتیں.................................۸۹

ج۔آیتوں کی تأویل کی تحقیق اور روایتوں کا جائزہ دونوں مکاتب فکر کی نظر میں.................................۹۱

اوّل۔عرش اور کرسی مکتب خلفاء کی نظر میں.................................۹۱

دوّم۔ عرش اور کرسی کے معنی اہلبیت (ع) کی روایتوں میں.................................۹۲

۱۔ عرش عربوں کی لغت میں.................................۹۳

۲۔ استویٰ کے معنی.................................۹۴

۳۔ کرسی.................................۹۴

نتیجہ.................................۹۶

ساتویں بحث: اللہ کا مکان دونوں مکاتب فکر کی نظر میں.................................۹۹

فرقہ مجسمہ اور مشبّھہ کے اقوال.................................۱۰۰

الف۔اللہ تعالیٰ کے مکان اور اس سے منتقل ہونے کے بارے میں مکتب خلفاء کی روایتیں.................................۱۰۱

۱۔ اللہ کا عرش سے نیچے آسمان پر آنا.................................۱۰۱

۲۔ فرشتوں کا اللہ کے پاس آنا جانا.................................۱۰۲

۳۔ معراج کی خبر.................................۱۰۳

ب۔اللہ تعالیٰ کے مکان سے منتقل ہونے کی نفی کے بارے میں پیغمبر (ص) کے وصیّوں کی روایتیں.................................۱۰۵

۱۔ آیت ﴿وجَـــاءَ رَبُّكَ . . .﴾ کی تاویل.................................۱۰۵

۲۔حدیث میں اللہ کے آسمان سے نازل ہونیکی ۔معاذ اللہ۔ حقیقت کی وضاحت.................................۱۰۶

۳۔ پیغمبر (ص) کے عروج کی خبر.................................۱۰۷

۴۔ معراج کی خبر میں غلطی کا ازالہ.................................۱۰۸

۵۔ اللہ تعالیٰ کے مکان کے بارے میں غلط نظریے کا جواب.................................۱۱۰

ج۔تحقیق.................................۱۱۰

آٹھویں بحث: اللہ کے پس پردہ ہونے کے بارے میں.................................۱۱۶

الف۔اللہ کا پس پردہ ہونا مکتب خلفاء کی روایتوں اور آیتوں کی نظر میں.................................۱۱۷

ب۔ پیغمبر(ص) کے وصیّوں کی روشن فکری ۱۱۹

ج۔ تحقیق اور تقابل ۱۲۱

نویں بحث: اللہ کا دیدار دونوں مکاتب فکر کی نظر میں ۱۲۴

الف۔ اللہ کا دیدار مکتب خلفاء کی نظر میں ۱۲۵

پہلا حصہ: اس دنیا میں پیغمبر(ص) کے وسیلے سے اللہ کا دیدار ۱۲۵

دوسرا حصہ: قیامت کے دن بہشت میں داخل ہونے سے پہلے اللہ کا دیدار پیغمبر(ص) کی امت کے ذریعہ ۱۲۶

ب۔ دیدار کی نفی، مکتب اہل بیت(ع) کی نظر میں ۱۳۰

ج۔ تحقیق اور موازنہ ۱۳۳

دسویں بحث: خدا کے ساتھ بیٹھنا دونوں مکاتب فکر کی نظر میں ۱۴۰

الف:۔ مکتب خلفاء کی نظر میں ۱۴۱

ب۔ دیدار کی بحث فکری اہل بیت(ع) کے مکتب کی نظر میں ۱۴۹

بہشت میں مؤمنوں کا اللہ کو دیکھنے کی حدیث کا جواب ۱۴۹

ج۔ تحقیق اور تقابل ۱۵۳

پیغمبر(ص) کے اوصیاء کے فرامین کی روشنی میں اللہ کے دیدار کی حقیقت کا واضح ہونا ۱۵۷

خاتمہ: توحید کے متعلق دونوں مکاتب فکر کی گفتگو کا خلاصہ ۱۵۸

مآخذ ۱۶۴

پیش لفظ

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

گذشتہ جلد میں یہ بیان کیا جاچکا ہے کہ پیغمبر اسلام (ص) نے قرآن کریم اور احکام و معارف الٰہی کو اپنے بارہ وصیّوں کے سپرد کیا ہے، ان میں سب سے پہلے وصی حضرت علی بن ابی طالب (ع) نے مختلف عمومی اور خصوصی نشستوں میں ان علوم کو آنحضرت (ص) سے سیکھا اور پھر دیگر اوصیاء تک منتقل فرمایا۔

رسول اکرم (ص) نے لوگوں سے فرمایا کہ علوم دین میں ان اوصیاء کی طرف رجوع کریں اور ان سے تفسیر قرآن سیکھیں، لیکن آنحضرت (ص) کی رحلت کے بعد حالات کچھ اس طرح تبدیل ہوئے کہ خلفاء نے حدیث کی ترویج کو ممنوع قرار دے دیا اور مسلمانوں کو دین کے حقیقی معارف سے دور رکھا۔

ان لوگوں نے حدیث پیغمبر (ص) کی خالی جگہ کو پر کرنے کیلئے اہل کتاب کی تہذیب وثقافت کو وسعت دی، اور علوم پیغمبر (ص) کی جگہ توریت اور علماء یہود کے اقوال کو مسلمانوں پر مسلط کیا۔

جیسا کہ واضح ہے کہ ان تمام باتوں کی وجہ سے اسلام کی ثقافت پر کافی برے اثرات پڑے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے قارئین محترم کو احادیث پیغمبر (ص) کے بارے میں خلفاء کے اس طرز عمل اور ان کے دیگر کارناموں کے انجام کا بخوبی اندازہ ہوجائے گا اس وقت یہاں پر دو مقدمے بیان کرتے ہیں۔

دو مقدمے

پہلا مقدمہ

مسلمانوں کی ثقافت پر اہل کتاب کے افکار کا اثر

اہل کتاب کے افکار خصوصاً بنی اسرائیل (یہودیوں) کی ثقافت دو وجہوں سے مسلمانوں کے درمیان رائج ہوئی۔

الف۔ اہل کتاب کی وجہ سے۔

ب۔ بعض مسلمانوں کی وجہ سے۔

ان دونوں کی وضاحت درج ذیل ہے:

اوّل: مسلمانوں کے درمیان اہل کتاب کی ثقافت کا رواج خود اہل کتاب کے ذریعہ:

ہم گذشتہ جلد میں یہ بیان کر چکے ہیں کہ اہل کتاب کے علماء بھی حدیث گڑھنے میں شامل تھے اور ہم یہ بھی جان چکے کہ حدیث پیغمبر (ص) کی ترویج پر پابندی کے مقابلہ میں ان علمائے اہل کتاب کو غیر اسلامی ثقافت کو رائج کرنے کی اجازت تھی کہ جنہوں نے تازہ اسلام قبول کیا تھا۔

مثال کے طور پر ((تمیم دارمی)) کہ جو مسلمان ہونے سے پہلے عیسائی عابد اور زاہد تھا، خلیفہ دوم کے حکم سے مسجد نبوی میں نماز جمعہ کے خطبہ سے پہلے اور عثمان کے زمانے میں عثمان کے ہی حکم سے ہفتہ میں دو بار تقریر کرتا تھا۔

اور اسی طرح ہم نے کعب الاحبار کہ جس کا نام ماتع تھا۔ کو دیکھا کہ وہ اسلام لانے سے پہلے یہودیوں کا بہت بڑا عالم اور حبر تھا اور اسی وجہ سے اس کو کعب الحبر یا کعب الاحبار کہتے ہیں کیونکہ ((حبر)) لغت عرب میں صالح عالم کے معنی میں ہے۔

یہی کعب الاحبار دوسرے خلیفہ کے دور میں دربار خلافت کا عالم بنا اور عثمان کے زمانے تک اس کے مکتب کے پیروکار اس سے اسلامی علوم خصوصاً عقائد اور تفسیر قرآن کے بارے میں سوال کرتے تھے۔[1] کعب ہر وقت یہی

۱۔ تفسیر ابن کثیر، جلد اصفحہ ۱۷۔

کوشش کرتا تھا کہ تحریف شدہ توریت اور یہودیوں کے خیالات کو مسلمانوں کے درمیان رائج کرے۔

اور کعب کا یہ کارنامہ مکتب اہل بیت علیھم السلام کے شاگردوں کے نزدیک اپنی صورت میں واضح ہو چکا تھا۔

یہ بات ابن عباس کی گفتگو سے آئندہ داستان میں واضح ہو جائے گی۔

طبری نے اپنی تاریخ میں اس طرح روایت کی ہے۔

ایک شخص نے ابن عباس سے کہا کہ کعب کہتا ہے ((قیامت کے دن چانداور سورج کو ایسے دو بیلوں کی طرح لایا جائے گا کہ جن کے چاروں پیر کاٹ دئے گئے ہوں اور ان (چاند اور سورج) کو جہنم کی آگ میں ڈال دیا جائے گا))۔

ابن عباس نے غصے میں تین بار کہا:

کعب نے جھوٹ بولا ہے!

کعب نے جھوٹ بولا ہے!

کعب نے جھوٹ بولا ہے!

یہ یہودیوں کا خیال ہے کہ جسے کعب، دین اسلام میں رائج کرنا چاہتا ہے۔ خداوند پاک و منزّہ ہے اس بات سے کہ وہ کسی کو اسکی فرمانبرداری کے عوض سزا دے۔ کیا تم نے خداوند عالم کے اس کلام کو نہیں سنا کہ وہ فرماتا ہے:

﴿ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ ﴾ (ابراہیم۔ آیت ۳۳):

((خداوند متعال نے سورج اور چاند کو ہمیشہ کیلئے آپ کے فائدہ کی خاطر مسخر فرمایا ہے))!؟

ابن عباس نے کہا کہ: ((دَائِبَيْن)) سے مراد یہ ہے کہ وہ دونوں ہمیشہ خداوند عالم کے مطیع اور فرمانبردار ہیں۔

پھر ابن عباس نے کہا:۔ وہ کیسے ان دو اطاعت کرنے والوں کو عذاب میں ڈالے گا کہ جن کی شان میں خود فرماتا ہے کہ: ((وہ دونوں (سورج اور چاند) ہمیشہ اطاعت کی حالت میں ہیں))؟! خداونداس یہودی عالم کو ہلاک کرے! اور اس کی یہودی گری کا خاتمہ کرے! یہ نسبت خدا کی طرف کتنی ناروا ہے۔ (کہ اس نے اس پر تہمت اور افترا باندھی ہے) اور ان یہ دو فرمانبرداروں کی کتنی بڑی توہین کی کہ جو ہمیشہ خدا کی فرمانبرداری اور اطاعت میں مصروف ہیں۔

پھر کئی بار: ﴿ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن ﴾ کہا!

اس کے بعد ابن عباس نے پیغمبر اکرم (ص) سے چاند اور سورج کے بارے ایک حدیث نقل کی ہے: جس کا

خلاصہ یہ ہے:

خداوند عالم نے دو روشنی دینے والے پیدا فرمائے۔ایک سورج کہ جسے دنیا کے مشرق اور مغرب کے برابر قرار دیا اور چاند کہ جسے سورج سے چھوٹا قرار دیا لیکن یہ دونوں آسمان میں رہنے کی وجہ سے اور بہت دور ہونے کے باعث چھوٹے نظر آتے ہیں۔(۲)

....

۲۔ ہم نے اس حدیث کا مختصر ترجمہ کیا ہے اور پوری حدیث تفصیل کے ساتھ تاریخ طبری مطبوع یورپ، جلد ا صفحہ ۶۲۔۶۳ میں اس طرح ذکر ہوئی ہے:

عن عكرمه قال: بينا ابن عباس ذات يوم جالس اذجاء ه رجل فقال:يا ابن عباس،سمعت العجب من كعب الحبر يذكر فى الشمس و القمر.

قال:وكان متّكيا،فاحتفر ثم قال:و ماذاك؟

قال:زعم انه يجاء بالشمس والقمر يوم القيامة كأنهما ثوران عقيران فيقذفان فى جهنّم

قال عكرمه:فطارت من ابن عباس شفة،ووقعت اخرى غضبا.

ثم قال:كذب كعب! كذب كعب! كذب كعب! ثلاث مرات . بل هٰذه يهودية يريدادخالها فى الاسلام، الله عزوجل واكرم من ان يعذب على طاعته، الم تسمع قول الله تبارك و تعالى:﴿وسخر الشمس والقمر دائبين!﴾ ?انما يعنى دؤوبهما فى الطاعة .

فكيف يعذب عبدين يثنى عليهما انهما دائبان فى طاعته!؟ قاتل الله هٰذا الحبر، وقبح حبريتُه،ما اجراه على الله،واعظم فريتُه على هٰذين العبدين المطيعين لله!

قال:ثم استرجع مرارا،أخذ عويدا من الارض فجعل ينكته فى الارض . فظل كذالك ماشاء الله. ثم انه رفع رأسه ورمىٰ بالعويد، فقال:ألا أحدثكم بما سمعت من الرسول الله(ص) يقول فى الشمس والقمر و بدء خلقهما ومصير أمرهما؟فقلنا:بلى:رحمك الله

فقال:ان رسول الله(ص) سئل عن ذلك فقال:

ان الله تبارك وتعالى لما أبرم خلقه احكاما فلم يبق من خلقه غير اٰدم،خلق شمسين من نور عرشه.

فأما ماكان فى سابق علمه انه يدعيها شمسا فانه خلقها مثل الدنيا ما بين مشارقها ومغاربها.

واماما بين فى سابق علمه انه يطمسها ويحولها قمرا، فانه دون الشمس فى العظم: ولكن انما يرى صغرهما من شدة ارتفاع السماء وبعدها من الارض

قال: فلو ترك الله الشمسين كما كان خلقهما فى بدء الامر، لم يكن يعرف الليل من النهار، ولا النهار من الليل وكان لا يدرى الاجير الى متىٰ يعمل ،ومتىٰ يأخذ اجره.الحديث

حدیث کی تحقیق:

ابن عباس کی گفتگو اور کعب کی وہ حدیث جو اس نے پیغمبر (ص) سے نقل کی ہے اور اس میں ان دونوں کو (دو پاؤں کٹے بیلوں کا نام دیتے ہیں)۔ اور اس بارے میں غور طلب نکات بیان کرتے ہیں۔

ا۔ ابن عباس نے کعب کی مذکورہ حدیث کو رد کرتے ہوئے قرآن سے یہ استدلال کیا کہ خدا فرماتا ہے:

((سورج اور چاند ہمیشہ کیلئے خدا کے مطیع اور فرمانبردار ہیں))

پھر ابن عباس نے کہا:۔

خداوندا اپنے دو فرمانبرداروں کو، کہ جن کی اطاعت کی وجہ سے اس نے انکی تعریف فرمائی ہے تو انکو وہ کیسے عذاب میں ڈالے گا۔

۲۔ ابن عباس نے سورج اور چاند کی بزرگی کے بارے میں کعب نے جو کچھ کہا تھا اس کے ابطال میں رسول اکرم (ص) کی اس حدیث سے استدلال کیا کہ آپؐ نے فرمایا:

((سورج اور چاند جس طرح آنکھ سے دکھائی دیتے ہیں وہ اتنے چھوٹے نہیں ہیں وہ دونوں زمین کی طرح بڑے ہیں اور ان کیلئے بھی مشرق اور مغرب ہے۔))

ابن عباس نے اپنے دور میں سورج اور چاند کے بڑے ہونے کے بارے میں اس حدیث سے استفادہ کیا۔ یہ استدلال اور استفادہ صحیح تھا۔ اور ہم بھی اس دور میں ابن عباس کے استفادہ کے علاوہ مزید اس طرح سمجھتے ہیں کہ:

۳۔ آنحضرت (ص) کی حدیث کہ جس میں انہوں نے فرمایا ((سورج اور چاند کے لئے زمین کی طرح مشرق اور مغرب بھی ہے)) اس سے یہ سمجھا جاتا کہ ان تینوں (زمین، سورج اور چاند) میں سے ہر ایک، ایک دوسرے کے گرد چکر لگاتے ہیں تاکہ ہر ایک کیلئے مشرق اور مغرب طے ہو سکے۔

۴۔ اس حدیث میں نبی اکرم (ص) نے مذکورہ تینوں کیلئے مشرق اور مغرب کی جمع کا لفظ ذکر فرمایا یعنی کہ: مشرقین اور مغربین جانی جاتی ہیں۔ جس سے ہر ایک کا گیند کی طرح گول ہونا بھی سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ اگر یہ مسطح ہوتے تو ہر ایک کیلئے مشرق اور مغرب ناممکن تھا۔

۵۔ کعب کی حدیث کے ساتھ ابن عباس کے اس رویے اور اس کے بارے میں ابن عباس کے خیالات سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ان جیسا انسان یہودیوں کی روایات کعب سے کبھی نہیں سیکھ سکتا۔ اور نہ ہی انہیں لوگوں کیلئے